Maulana Azad National Urdu University

M.A (Islamic Studies) I Semester Examination, April 2021

Paper - MAIS113CCT : Islam and Modern Issues

پرچہ: اسلام اور جدید مسائل

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) ان میں سے کون بنیادی انسانی حقوق میں شامل ہیں۔

(a) زندگی کا تحفظ (b) عدل وانصاف کا حق (c) آزادی کا حق (d) یہ سبھی

(ii) ان میں سے کون سا مقام عہد رسالت میں تعلیمی مرکز تھا؟

(a) دارارقم (b) صفہ (c) مسجد نبوی (d) یہ سبھی

(iii) خواتین کا بنیادی حق ہے۔

(a) طلاق کا حق (b) عزت وآبرو کا تحفظ (c) دونوں درست ہیں (d) دونوں غلط ہیں

(iv) رعایا اور حکمراں قانون کی نظر میں کیا ہیں؟

A) برابر نہیں ہیں (b) برابر ہیں (c) حکمراں کو رعایت حاصل ہے (d) عوام کو رعایت حاصل ہے

(v) ان میں سے کون اسلامی حقوق انسانی کا منشور ہے؟

(a) خطبہ حجۃ الوداع (b) میثاق مدینہ (c) حلف الفضول (d) صلح حدیبیہ

(vi) ماحولیاتی توازن کو متاثر کرنے والی چیزی ہیں۔

(a) جنگلات کی کٹائی (b) کارخانوں کے فضلات کا بہاؤ (c) زہریلی گیسوں کا اخراج (d) یہ سبھی

(vii) اسلام میں علم کے تعلق سے کیا فرض ہے؟

(a) حصول علم فرض ہے (b) اشاعت فرض ہے (c) سکھانا فرض ہے (d) سب درست ہیں۔

(viii) حقوق انسانی کا عالمی دن کب منایا جاتا ہے؟

(a) 8 نومبر (b) 10 دسمبر (c) 26 جنوری (d) 15 اگست

(ix) خواتین کا میراث میں حصہ ہے۔

(a) مردوں سے کم (b) مردوں سے زیادہ (c) مردوں کے برابر (d) کچھ بھی نہیں

(x) ماحولیات کی حفاظت کس کے ذریعہ ہوتی ہے؟

(a) جنگلوں کی کٹائی (b) زیادہ پانی کا استعمال (c) درخت لگانا (d) شور وغل کرنا

حصہ دوم

2. اظہار رائے کی آزادی سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ بیان کیجیے۔

3. خواتین کی تعلیم کے بارے میں اسلامی موقف کی وضاحت کیجیے۔

4. ماحولیات سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ اسلام میں ماحولیات کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

5. مساوات کے تعلق سے اسلامی تعلیمات بیان کیجیے۔

6. اسلام میں خواتین کے مقام ومرتبہ پر روشنی ڈالیے۔

7. ماحولیات کی حفاظت کے سلسلے میں اسلامی تعلیمات بیان کیجیے۔

8. اسلام نے مذہبی آزادی کا کیا تصور پیش کیا ہے؟ وضاحت کیجیے۔

9. اسلامی تعلیمات کی روشنی میں خواتین کے بنیادی حقوق پر مختصر نوٹ لکھیے۔

حصہ سوم

10. عصری تعلیم کے حوالے سے تعلیمی مضامین کے تعلق سے اسلام کے موقف کو بیان کیجیے۔

11. حقوق انسانی کے تعلق سے اسلام کے بنیادی تصورات پر ایک مضمون لکھیے۔

12. تعلیم کے اسلامی تصور کو تفصیل سے بیان کیجیے۔

13. آلودگی کی مختلف صورتیں بیان کیجیے اور ان سے بچنے کی اسلامی تعلیمات پر روشنی ڈالیے۔

14. خواتین کے خصوصی حقوق اور رعایتوں پر مختصر مضمون لکھیے۔

☆☆☆